Azim charitable and humanitarian foundation

[Under section 16 of the companies Act, 2017(XIX of 2017)]

مؤسسة عظيم للاعمال الخيرية والانسانية

Ref:____________ Date:____________

عنوان:	زکوۃ اور اسلامی تعلیمات برائے عظیم چیریٹیبل اینڈ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن

زکوۃ کا لغوی مطلب

بڑھوتری، زیادتی، پاکیزگی

زکوۃ کا اصطلاحی مطلب

مخصوص مال میں مخصوص افراد کے لیے مال کی ایک متعین مقدار کو زکوۃ کہتے ہیں۔ (الاختیار لتعلیل المختار، کتاب الزکوۃ: 1/99، دار الکتب العلمیۃ)

زکوۃ کی فرضیت

زکوۃ اسلام کا اہم ترین رکن ہے، اس کی فرضیت شریعت کے قطعی دلائل سے ثابت ہے:

۱۔ مرد حضرات کو زکوۃ کی ادائیگی کا حکم:

{وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ} [البقرة: 43]

ترجمہ: اور قائم کرو نماز کو اور ادا کرو زکوۃ کو۔

۲۔ خواتین کا زکوۃ کی ادائیگی کا حکم:

{وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ} [الأحزاب: 33]

ترجمہ: اے خواتین، قائم کرو نماز کو اور ادا کرو زکوۃ کو۔

پہلی امتوں کو زکوۃ کی ادائیگی کا حکم

{وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ **وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ**} [البينة: 5]

ترجمہ: اور انھیں اس کے سوا حکم نہیں دیا گیا کہ وہ اللہ کی عبادت کریں، اس حال میں کہ اس کے لیے دین کو خالص کرنے والے، ایک طرف ہونے والے ہوں اور نماز قائم کریں اور زکوۃ ادا کریں۔

Address: Village Dandi kallah P.o Azim kallah, tehsil Domel , District Bannuu